05/04/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

اب آپ مسرت شاہسے خبریں سُنیے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریند ر مودی سری لنکا کے تین روزہ دورے پر کل شام کولمبو پہنچ گئے ہیں۔ کولمبوپہنچنے پر سری لنکا کے کئی وزیروں نے ائر پورٹ پر نریندر مودی کا استقبال کیا۔

دورے کے دوران وزیر اعظم سری لنکا کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ باہمی تعلقات کے مختلف امور پربات چیت کرنے کے علاوہ کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرینگے۔دونوں ممالک کے درمیان دفاع اور توانائی کے شعبوں سمیت دیگرکئی اہم سیکٹروں مینمعاہدوں پر دستخط ہونے کی امید ہے۔

بادام واری

وادی مینان دنوں سیاحتی سیزن اپنے جوبن پر ہے اور سیاح خوبصورت سیاحتی مقام کی سیرکرکے فطرت کے خوبصورت نظاروں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ سرینگر مینبادام واری فیسٹول 2025منعقد کیاگیا - Almond Blossom سیاحوں کیلئے دلچسپی کا ایک مرکز ہے جہاں کل فیسٹول کا اہتمام سیاحت اور فلوریکلچر محکموں کے باہمی اشتراک سے کیاگیا تھا۔

میلے کا افتتاح وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کیا۔ فیسٹول کے حوالے سے مزید تفصیلات دیتے ہوئے ڈائریکٹر ٹیور ازم کشمیر راجا یعقوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

ٹولپ گارڈن

ادھر ٹولپ گارڈن میں بھی سیاحوں کا کافی رش دیکھا جا رہا ہے - کل دن بھر 30ہزار سے زائد سیاحوں نے باغ کی سیرکی -

اس طرح پچھلے دس دنوں میں تقریباً2لاکھ65ہزار سیاحوں نے باغ گلہ لالہ کی سیر کی۔ ان سیاحوں میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیاح شامل ہیں۔

منوہر لال

بجلی کے مرکزی وزیرمنوہر لال نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں تین ہزار 90میگا واٹ صلاحیت والے پانچ پن بجلی پروجیکٹ زیر عمل ہیں ۔لوک سبھامیں کل یہ جانکاری دیتے ہوئے انہوںنے کہا کہ ان پروجیکٹوں میں Ratle کیرو، پکل ڈُل، Kwkar-اور پرنائی شامل ہیں

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ سٹریٹ لائٹنگ قومی پروگرام کے تحت جموں کشمیر میں اس سال 31مارچ تک1لاکھ88 ہزار سٹریٹ LED-لائٹس نصب کی گئی

ٹرین

شمالی ریلوے نے جموں کشمیر میں بانہال سے بڈگام تک وستا ڈوم اسپیشل ریل چلانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ ریل سروس آج سے شروع ہو کر 30جون2025تک جاری رہے گی۔ ٹرین جمعہ کے بغیر ہفتے میں چھ روز چلا کر گی ۔

یہ ٹرین بڈگام سے صبح8بجکر35منٹ پر سفر شروع کیاکرے گی اور صبح 10بجکر40منٹ پربانہال پہنچے گی اور اسکے سرینگر ، اونتی پورہ ،اننت ناگ اور قاضی گنڈمینسٹاپ ہوں گے۔

وزیر اعلیٰ تعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گاندربل ضلع کی نیشنل کانفرنس کی خواتین ونگ کی ضلع صدر مبینہ اختر کے انتقال پر دکھ اور افسوس کااظہار رکیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کل مرحومہ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ مینوزیر اعلیٰ نے خواتین کو با اختیار بنانے کے تئیں مرحومہ کے رول کو یاد کیا ہے۔

پولیس

ہندواڑ ہ پولیس کی طرف سے کل نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ہائی اسکول مندیگام میں ایک مباحثہ منعقد کیاگیا جس میں کافی تعدادمیں طالب علموں ،اساتذہ اور کیمونٹی ممبران نے حصہ لیا۔

سیوک ایکشن پروگرام کے تحت پلوامہ میں پولیس کی طرف سے منعقدہ کرکٹ ٹورنا منٹ کل گرین پارک للہارہ میں اختتام پذیر ہوا ۔ ٹورنا منٹ میں ضلع کی مختلف ٹیموں نے حصہ لیا ۔

حادثہ

بڈگام ضلع مینکل شام پارنیو ہ -کولہ بگ سڑک پرتویرا اور آلٹو گاڑی کے درمیان ٹکر ہونے سے الٹو کا ڈرائیورجان بحق اور تویرا میں سوار تین مسافر زخمی ہوگئے۔

اور Taveera ادھرسرینگر جموں شاہراہ پر کل شام قاضی گنڈ لیو ڈورہ فلائی اور کے نزدیک بلینو کے ما بین ٹکر ہونے سے چھ مسافر زخمی ہو گئے۔جنہیں قاضی گنڈ کے ایمر جنسی اسپتال میں داخل کیا گیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ